## سوال

سجدہ تلاوت کی کیفیت

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سجدہ تلاوت کی کیا کیفیت ہے؟ اس میں کتنے سلام ہیں؟ اس میں کیا پڑھا جائے؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سجدہ تلاوت بھی سجدہ نماز کی طرح ہے افضل یہ ہے کہ آدمی سیدھا کھڑا ہو کر پھر سجدے کے لئے جھکے سات اعضاء پر سجدہ کرے اور تین بار کہے سبحان ربی الاعلیٰ اور پھر یہ دعاء پڑھے :

اللَّهُمَّ لَكَ سَجَدْتُ وَبِكَ آمَنْتُ وَلَكَ أَسْلَمْتُ سَجَدَ وَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ وَصَوَّرَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ تَبَارَكَ اللَّهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ ( صحیح مسلم )

للهم اكتب لي بها اجرا وضع عني بها وزرا واجعلها لي عندك ذخرا وتقبلها مني كما تقبلتها من عبدك داؤد عليه وعلى نبينا افضل الصلوة والسلام (سنن ترمذی)

'' اے اللہ میں نے تیرے لئے سجدہ کیا ہے۔ اور تیری ہی ذات کے ساتھ میں ایمان لایا ہوں اور تیرا ہی میں فرمانبردار ہوں اور تجھ پر ہی میں نے بھروسہ کیا ہے۔۔۔ میری پشانی نے اس (پرودیگار) کو سجدہ کیا ہے جس نے اس کو پیدا کیا ہے۔ اور صورت دی تو بہت ہی اچھی صورت دی (سننے کے لئے) کان بنائے (دیکھنے کے لئے) آنکھیں بنایئں بڑا ہی حکمت والا ہے۔ اللہ جو بہترین پیدا کرنے والا ہے اے اللہ! تو اس سجدہ کا ثواب اپنے ہاں لکھ لے اور اس کے سبب سے تو (گناہوں کا) بوجھ مجھ سے دور کردے اور اس (سجدہ) کو تو میرے لئے اپنے پاس سے ذخیرہ بنادے۔ اور تو اس (سجدہ تلاوت) کو میری جانب سے ایسے ہی قبول فرمالے جیسے تونے اپنے بندے داؤد (علیہ السلام) سے قبول فرمایا ان پر اور ہمارے (صلی اللہ علیہ وسلم) پر افضل درود وسلام ہو!''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

**ج1ص429**